جو چیز اس کو نہیں دی گئی، اس کا جھوٹ موٹ اظہار کرنے والا، جھوٹ کے دو کپڑے پہننے والے کی طرح ہے

اسماء رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک عورت نے کہا: اے اللہ کے رسول! میری ایک سوکن ہے، تو کیا مجھ پر گناہ ہو گا اگر میں (اس پر) یہ ظاہر کروں کہ مجھے خاوند کی طرف سے خوب مل رہا ہے جب کہ وہ مجھے چیزیں نہیں دیتا؟ تو نبی ﷺ نے فرمایا: ”جو چیز اس کو نہیں دی گئی، اس کا جھوٹ موٹ اظہار کرنے والا، جھوٹ کے دو کپڑے پہننے والے کی طرح ہے“

[صحیح] [متفق علیہ]

ایک عورت نے نبی ﷺ سے عرض کیا کہ: اس کی ایک سوکن ہے، اور وہ چاہتی ہے کہ اپنے سوکن سے کہے: میرے شوہر نے مجھے فلاں فلاں چیزیں دی ہیں حالانکہ وہ اپنی بات میں جھوٹی ہے، لیکن اس سے اپنی سوکن کو تکلیف دے کر غصہ دلانا چاہتی ہے، تو کیا اس عمل کی وجہ سے اس پر کوئی گناہ ہے؟ تو نبی ﷺ نے بتلایا کہ: جس کے پاس کوئی چیز نہیں ہے اور وہ اسے بڑھا چڑھا کر بیان کرے تو وہ جھوٹھا اور دروغ گو ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/6983